خص بساعة الصلاة فيها عند مسلم فيسأل الله فيها خيراً الا اعطاه اياه فما بالك بالساعة التي ولد فيها سيد المرسلين انتهى
و علامه جلال الدین سیوطی رساله مبسوط در اثبات دعوی مذکوره تصنیف کرده و داد انصاف داده و من شاء الاطلاع
علیها فلیرجع الیها المرام برای اثبات مجلس میلاد شریف مطلقاً و مقیداً دلائل کثیره دارند و برای استحباب آنها کتابی ضخیم
باید و فیما نقلناه کفایة لمن انصف و خالف الضعف ولا تتبع الهوى باقی ماند قیل و قال در قیام هنگام ولادت با برکت حضرت سید انام
علیه الصلوة والسلام پس باید دانست که اصل قیام برای تعظیم ثابت و متحقق است در صحیحین بروایت ابو سعید خدری
ثابت شده که هرگاه سعد بن معاذ نزد رسول خدا صلی الله علیه وسلم حاضر شده فرمودند که قوموا الی سیدکم یعنی
استاده شوید بجهت سردار خود و امام نووی و خطابی تصریح فرمودند باینکه قیام رعایا برای تعظیم حاکم عادل و قیام شاگرد
بجهت تعظیم استاد مستحب است نه مکروه بدلیل این حدیث و احادیث دیگر درین باب نیز مروی است بخوف اطناب
از ذکر آنها معذورم ثم المرام چون اصل الحکم برای جواز قیام تعظیمی مهیا شد پس قیام ممدوح بنیت تعظیم و تکریم
آنحضرت صلی الله علیه وسلم بدعت سیئه نباشد بلکه محققین متاخرین باستحسانش تصریح کردند قال عثمان بن حسن الدمیاطی
الشافعی قد اجتمعت الامة المحمدية من اهل السنة والجماعة على استحسان القيام المذكور وقال صلى الله عليه وسلم لا تجتمع
امتي على الضلالة و قال عبد الله بن عبد الرحمن سراج اما القيام اذا جاء ذكر ولادته عند قراءة المولد الشريف فتواترته الائمة

من غیر نکیر فلهذا کان حسنا وکفی فیه اثر عبد الله بن مسعود رضی الله تعالی عنه ما رآه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن علاوه اکرام کا
از آیه کریمه وتعزروه وتوقروه وجوب تعظیم آنحضرت صلی الله علیه وسلم ثبت شده پس قیام مذکور که از افراد تعظیم است
نیز بپایه ثبوت مستحکم باشد ودر هدایه مذکور است که اعمال مصار نزد امام اعظم وابو یوسف ومحمد رح ونزد همه فقهاء معتبر است
تا معتقد استی در آن موجود باشد وظاهر است که همه علماء حرمین شریفین واکثر علماء هند استحسان قیام ممدوح فتوی داده اند
پس عمل ایشان بطریق اولی قابل استناد باشد باجماع هر گاه توارث عامه مسلمین حجت قطعی باشد پس توارث علمای حرمین
شریفین هم حجت قطعی باشد فی البدایة فی الاذان فصل الوقت بحجر الفجر من النصف الاخیر من اللیل لتوارث اهل الحرمین انتهی
وقاضی ناصر الدین علیه الرحمة بیضاوی در تفسیر انوار التنزیل افاده فرموده وقرء الباقون ملک وهو المختار لانه قراءة
اهل الحرمین انتهی چون قراءت اهل حرمین برای مذهب مختار حجتی باشد پس فعل ایشان یعنی قیام تعظیمی نزد
متبعان سنت نیز حجت باشد وهر که فتوی داده که محفل مولود بدعت سیئه است در قرون ثلثه نبود از طریق
مستقیم انحراف ورزیده زیرا که دلیلش بطبق شکل اول چنان میشود که محفل مذکور در قرون ثلثه نبود وآنچه در قرون
ثلثه نباشد آن بدعت سیئه باشد پس منتج مطلوب است لابد که کبری را بدلیل محکم مدلل کنند ودونه خرط القتاد
کما لا یخفی لاهل السداد وتحقیق بحث در رساله انجاز نافعه وتفصیل تعیین در رساله هدایة النجدین واثبات
محفل شریف وقیام منیف در رساله اشباع الکلام مذکور است من شاء الاطلاع علیها فلیرجع الیها
والله اعلم وعلمه اتم حرره ابو البرکات رکن الدین محمد المدعو بتراب علی
عفی عنه انتهی کلامه وعنه والله سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم الحمد لله اولا و
آخرا وظاهرا وباطنا وصلی الله تعالی علی خیر خلقه محمد و
آله وصحبه وسلم تسلیما کثیرا کثیرا

کتبه العبد الضعیف
الراجی رحمة ربه الحق
محمد عبد الحق
عفی عنه

تقریظ عمدۃ العلماء زبدۃ العرفاء حضرت مرشدنا و مولانا شاہ ابوالخیر

فاروقی نقشبندی مجددی نفعنا اللہ بطول بقائہ درخیر ۴ بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ و سلام علی عبادہ الذین اصطفی
اما بعد ابوالخیر احمدی میطالعہ این رسالہ شریفہ مشرف شد جزاہ اللہ مؤلفہ خیرا و اسبغ علیہ النعم فی الدنیا والآخرۃ
بسیار خوب و زیبا نوشتہ اند و ہر چہ نوشتہ اند صحیح است و معمول صلحای حرمین است و جناب مؤلف عمدۃ الفقہا فی زماننا و در صلاح
تقوی و استقامت علم و عمل صد جای ہندوستان کہ در حرمین محترمین نظیر خود ندارند مجددی مشرب حنفی مذہب صدیقی نسب ذاتہ
بقیۃ سلف اند و امید از حق تعالی دارم کہ خلف گردند بارک اللہ فی عمرہ و علمہ و ارشادہ آمین

ابوالخیر عبداللہ بن عمر
الفاروقی النقشبندی

تقریظ عمدۃ الواصلین زبدۃ المقربین حضرت مولانا شاہ حاجی امداد اللہ صاحب فاروقی چشتی مہاجر مکہ معظمہ

مؤلف علامہ جامع الشریعۃ والطریقۃ نے جو کچھ یہ رسالہ الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی الاعظم میں تحریر کیا وہ عین صواب ہے فقیر کا بھی
یہی اعتقاد ہے اور اکثر مشائخ عظام کو اسی طریقہ پر پایا خداوند تعالی مؤلف کے علم و عمل میں برکت زیادہ عطا فرماوے

العبد الضعیف فقیر امداد اللہ الچشتی الصابری عفی اللہ عنہ

محمد امداد اللہ فاروقی

تقریظ جناب مولوی محمد رحمت اللہ صاحب مہاجر مکہ معظمہ

اس رسالہ کو میں نے اول سے آخر تک اچھی طرح سنا اسکا اسلوب عجیب اور طرز غریب بہت ہی پسند آیا اگر اسکی وصف میں کچھ لکھوں
تو لوگ اوسی مبالغہ پر حمل کرینگی اسلئے اوسی چھوڑ کر دعا پر اکتفا کرتا ہوں کہ خداتعالی اسکی مصنف محقق منصف کو اجر جمیل اور
ثواب جزیل عطا فرماوی اور اس رسالہ سے منکروں کی تعصب بیجا کو توڑ کے اونکو راہ راست پر لاوی اور مصنف کے علم اور فیض
اور تندرستی میں برکت بخشی اور میرے اساتذہ کرام کا اور میرا عقیدہ مولد شریف کے باب میں قدیم سے یہی تہا اور یہی
بلکہ حلفیہ یہ ظاہر کرتا ہوں کہ میرا ارادہ یہ ہے کہ ع بر ین زیستم ہم بر ین بگذرم ۔ اور وہ عقیدہ یہ ہے کہ انعقاد مجلس
مولود شریف بشرطیکہ منکرات سے خالی ہو جیسے تغنی اور باجا اور کثرت سے روشنی بیہودہ نہ ہو بلکہ روایات صحیحہ کے موافق ذکر
معجزات اور ذکر ولادت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا جاوی اور بعد اوسکے اگر طعام پختہ یا شیرینی بہی تقسیم کیجاوی
اوسمین کچھہ ہرج نہیں بلکہ اس زمانہ میں جو ہر طرف سے پادریوں کا شور اور بازاروں میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی
دین کی مذمت کرتے ہیں اور دوسری طرف سے آریہ لوگ جو خدا اونکو ہدایت کرے پادریوں کی طرح بلکہ اون سے زیادہ شور
مچارہے ہیں ایسی محفل کا انعقاد اون شروط کی ساتہہ جو میں اوپر ذکر کی اسوقت میں فرض کفایہ ہے میں مسلمان بہائیوں
کو بطور نصیحت کے کہتا ہوں کہ ایسی مجلسوں کے کرنے سے نہ رکیں اور اقوال بیجا منکروں کیطرف جو تعصب سے کہتے ہیں
ہرگز التفات نہ کریں و تعیین یوم میں اگر یہ عقیدہ نہو کہ اس دن کے سوا اور دن جائز نہیں تو کچھ بہی ہرج نہیں
اور جواز اسکا بخوبی ثابت ہے اور قیام وقت ذکر میلاد کے چہہ سو برس سے جمہور علماء صالحین نے متکلمین اور صوفیہ
صافیہ اور علماء محدثین نے جائز کیا ہے اور جناب مصنف رسالہ نے اچھی طرح ان امور کو ظاہر کیا ہے اور تعجب ہے کہ

ان منکرون سے کہ ایسی طرح سے کرنا کہانی مغربی کی متعلق ہو کر جمہور سلف صالح کو متکلمین اور محدثین اور صوفیہ صافیہ سے ایک ہی لکیر مین
پرو دیا اور انکو ضال مضل بتلایا اور خدا سے نہ ڈرے کہ یہی اون لوگون کے استاد اور پیر بھی تھے مثل حضرت شاہ عبد الرحیم دہلوی کے
اور اونکی صاحبزادے شاہ ولی اللہ محدث اور اونکی صاحبزادی شاہ رفیع الدین دہلوی اور اونکی بھائی شاہ عبد العزیز دہلوی
اور اونکی نواسے حضرت مولانا محمد اسحق دہلوی قدس اللہ اسرارہم سب کے سب انہیں ضال مضل مین داخل ہو جاتے مین
آہ ایسی تیزی پر کہ جسکی موافق جمہور متکلمین اور محدثین اور صوفیہ سے حرمین اور مصر اور شام اور یمن اور کوردیار عجم
مین لاکھون گمراہی مین جہان اور یہہ حضرات چند ہدایت پر۔ یا اللہ ہمین اور اونکو ہدایت کر اور سیدھے رستہ پر چلا
آمین ثم آمین اور وہ جو بعضی میری طرف نسبت کرتے مین کہ عرب کے خوف سے تقیہ کے طور پر سکوت کرتا ہون اور حق
ظاہر نہیں کرتا بالکل جھوٹ ہے اور اونکا قول محض غلط وہی ہے مین بحلف کہتا ہون کہ مین نے کبھی حضرت سلطان کے
سامنے جو میرے نزدیک خلاف واقع ہو اونکی رعایت یا اونکی وزرا اور امرا کی رعایت سے کبھی نہیں کہا بلکہ صاف صاف
دونون دفعہ مین جو مین بلایا گیا ہون کہتا رہا ہون اور کبھی خیال نہیں کیا کہ حضرت سلطان المعظم یا اونکی وزرا
امرا ناراض ہونگی اور میرا جیلخانہ ہوگا اور گفتگو جو عثمان نوری پاشا کہ بڑے پاشا مہیب اور زبردست تھے اور لوگ اونکے
حکم کی مخالفت کو بڑین امور کا سمجھتے تھے میری گفتگو سخت جو مجلس عام مین ہوئی تمام حجاز والی خاص حرمین والے
بڑے چھوٹے سب بخوبی جانتے ہین بلا اگر مین تقیہ کرتا تو ان حضرات منکرین کے خوف سے تقیہ کرتا مجھکو یقین ہے
کہ جب انکے ہاتھ سے امام سبکی اور جلال الدین سیوطی اور ابن حجر اور عبد الرزاق عالم تقوی شعار خاصکر اونکے استادوں
اور پیرون مین شاہ عبد الرحیم اور شاہ ولی اللہ اور اونکی بیٹے شاہ رفیع الدین اور شاہ عبد العزیز اور اونکی نواسے مولوی
محمد اسحق قدس اللہ اسرارہم نہ چھوٹے تو مین غریب اونکی سلسلہ اور شاگردون مین شامل ہون اور نہ سلسلہ پیروان مین
کس طرح چھوٹونگا یہہ تو ہر طرح سے تفسیق اور بلکہ تکفیر مین بھی قصور نکرینگے پر مین اونکے ان حرکات سے
نہیں ڈرتا اور جو میرے ان اقوال کی تائید اور جناب محقق مصنف رسالہ کے سے جابجا تحریر فرمائی ہے اسی پر
اکتفا کرتا ہون واللہ اعلم وعلمہ اتم فقط امر برقمہ وقال بفمہ الراجی رحمۃ ربہ المنان
محمد رحمت اللہ بن خلیل الرحمن غفر لهما اللہ الحنان

رحمت اللہ محمد ۱۲۹۳

تقریظ جناب مولوی سید حمزہ صاحب شاگرد جناب مولانا مولوی رشید احمد صاحب محدث گنگوہی ادام اللہ فیضہ

الحمد للہ الذی امتنا بولادۃ النبی الاکرم والصلوۃ علی رسولہ الذی امرنا باتباع السواد الاعظم وعلی الہ واصحابہ
اجمعین الی یوم الدین اما بعد عرض کرتا ہون کہ یہہ رسالہ الدر المنظم فی مولد النبی الاعظم اس ناچیز کی نظر سے گزرا اسکا
ہر مضمون لاجواب ہے اور پسندیدہ اولوالالباب اور کیونکر نہو کہ اسکی مصنف تحقیق مین کالشمس فی نصف النہار ہین

اور تقریظین منبع الاسرار علمای عرب شام و روم و مصر کی مستند بلکہ کافہ فضلای عالم کے متعلق چھپا کر اونکا علم و ذکا مشہور ہے
ویساہی ورع و اتقا مشتہر امید ہے کہ یہہ کتاب مقبول خاص و عام ہوگی اور حرز جان اہل اسلام کیونکہ اسمین مجلس مولد شریف
کا ثبوت ہی وہ مجلس شریف کہ جو گلدستہ خوبی و زین ہے اور عطر مجموعہ فلاح المتقین وہ مجلس کہ جو امور مذکورہ ذیل پر مشتمل ہے
ذکر ولادت سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم استعمال خوشبو آراستگی مکان ذکر شیرینی کثرت درود شریف قیام
تراحی لتعظیم بوقت ذکر مبارک کی خوبی جسمین فضائل و مدح و بیان ولادت داخل ہے اس آیہ شریفہ سے بوجہ احسن استفاد
ہوتی ہے کلا نقص علیک من انباء الرسل ما نثبت بہ فوادک وجاءک فی ہذہ الحق وموعظۃ وذکری للمومنین اوجب فی ذکر رسل
تثبیت فواد اور موعظۃ اور ذکری کا متمر سو فاظنک بذکر سید المرسلین حبیب احسن الخالقین فتنبہ وکن من الشاکرین
ولختام خیر المنعمین اس آیہ شریفہ سے یہہ بھی واضح ہوا کہ یہہ ذکر شریف افراد وعظ مین داخل ہے بلکہ اعلی و اہم بھی ہے
یہہ ذریعہ عمدہ ازدیاد محبت سرور کائنات کا ہی اور محبت ذریعہ کمال اتباع کا ہے کما لا یخفی علی المنصفین الماہرین
نیز ظاہر ہے کہ جو مومن ہے وہ محبوب بالنفس و جان سے محبت رکھیگا جو آپ سے محبت رکھیگا آپ کا ذکر کثرت سے کریگا
پس معلوم ہوا کہ جو مومن ہے آپ کا ذکر کثرت سے کریگا دونون مقدمے اس قیاس کے دو حدیثون مسطورہ ذیل سے
ثابت ہین اول سے اول ثانی سے ثانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے فرمایا
کہ تو مومن نہوگا جبتک ہر محبوب سے مجھے محبوب تر نہ جانیگا دوسری حدیث مین من احب شیأ اکثر ذکرہ استعمال خوشبو خواہ عطر کا
لگایا جاوی یا حاضرین پر چھڑکا جاوی یا کپڑون پر ملا جاوے سنت کلی کے افراد ہین جسکا استعمال خوشبو ہے
اور وہ ایک فعل ہے محبوب عالم کے افعال محبوبہ سے پس سنت سنیہ پر عمل کرنا اور اپنے اخوان کو ایسی عمل مین شریک کرنا
مزید مراتب ایمانیہ کا باعث نہوگا تو کیا ہوگا: آراستگی مکان کہ آراستگی سے مراد عمدہ فرش اور چوکی ہے فرش سے مہمانون
کی خاطر اور چوکی سے ذکر کی تعظیم مقصود ہوتی ہے دونون کے نظائر بہت سی شریعت مین موجود ہین خطبہ وعظ اور
قرات حدیث اور حضرت حسان کے لئے منبر کا ہونا نیز قرات حدیث اور وعظ کے واسطے چوکی کا تعامل دلیل کافی ہے
ثبوت تعظیم ذکر پر بھی مہمانون کی خاطر حدیث شریف سے ایک نظیر واضح کرتا ہون جب حضرت ام ایمن زیارت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر ہوا کرتی تھین سرور مخلوقات علیہ الف الف تحیات اپنی ردای مبارک اونکے واسطے بچھایا
کرتے تھے اگر کوئی کہے وہ رضاعی مان تھین اونکی تعظیم کیونکر نفرماتے ہم کہینگے جب ایسا ارشاد آیا حق کا ایسا
خیال کرے پھر ہمکو اپنے بزرگون اور بھائیون کا خیال بدرجہ اولی چاہیے شیرینی حدیث صحیح مین آیا ہے کہ جب رسالتپناہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرماتے تھے حضرت ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا عسل پیش کیا کرتی تھین معلوم
ہوا کہ ہدیہ صحیح پر فتوح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے اور شکریہ قدوم اور مومن کے لئے شیرینی خوب چیز ہے اور صحت
ساتھہ ثابت ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مٹھاس بہت مرغوب تھی پس آپ کے ہدیہ کے لئے

اور آپ کی امت کے خاطرداری لئی مٹہائی بہت مناسب ہے کہ ہم ایصال ثواب بنیت ضیافت جناب چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار
ہم کثرت درود فضائلہا لا تحتاج الی البیان قیام مستحسنات جمہور علماء ہے مستحسنات علماء کا انکار کون کر سکتا ہے
انکار سے بہت سے مسائل فقہیہ اور احادیث کا انکار لازم آتا ہے اعاذنا اللہ منہ خلاصہ جو کہ علت کے جو بیان تحریر ہیں اونکی خدمت میں
عرض کرتا ہوں کہ وجہ استحسان علماء کی یہ ہے کہ یہ قضیہ مجربہ ہے کہ اس وقت خاص میں خواص امت کو مشاہدہ جمال
مصطفوی حاصل ہوتا ہے اور مشاہدہ کے واسطے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مجلس میں تشریف لانا ضروری نہیں
بلکہ ارتفاع حجاب کافی ہے اسکی ایک نظیر محسوسات میں آفتاب ہے کہ اوسکی لئے ایک جگہ معین ہے اور ہر اہل بصر ہر مکان میں
اوسکی روشنی سے فائدہ اوٹہاتا ہے نابینا البتہ روشنی کا معتقد ہے پس علماء کہ حکماء امت ہیں مستحسن سمجھے کہ اہل وجد
و ذوق کی تقلید سے عوام بھی بہ نیت استحسان قیام کر لیا کریں ہکذا افادنی شیخی سید العاشقین امداد اللہ العالمین والعلماء
متع اللہ ظلہ علی رؤس المستفیدین **فائدہ** جب یہ مجلس احسن مرتب ہوئی تو اوسکی ہیئت کذائی بدعت کے
قبیل سے نہوئی بلکہ مثل تدوین کتب احادیث و بنای مدارس و ایجاد علوم آلیہ کے ہوئی اور یہ مجلس مطلق فعل خیر
لطیفہ جب بریانی کا طباق سامنے آتا ہے تو ہم لوگ اوسکی ہیئت کذائی پر اعتراض نہیں کرتی بلکہ جھٹ پٹ پیٹ میں
چٹ کر کلیہ کلوا من الطیبات میں داخل کر لیتے ہیں پس مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مجموعہ حسنات کو بھی واعملوا صالحا
کی تحت میں داخل کہیں تدافعی یہ مجلس فعل حسن ہے تو اوسکی ہر جزو کیوں حسن نہوگی بلکہ احکام آیۃ کی تعمیل ہوگی ادع
الی سبیل ربک تعاونوا علی البر والتقوی الدال علی الخیر کفاعلہ وغیرہا التحقیق و تخصیص وقت حدیث شریف میں آیا ہے
کہ اگر وظیفہ شبانہ رہ جاوے تو دوسرے دن ظہر سے اول پڑھ لیا کرو لفظ (وظیفۂ شب) سے دلالت ہی تخصیص وقت کی
منسوبیت پر نیز اونکو پڑہنے کی واسطی فرمانا دلیل ہے پسندیدگی مداومت پر اور بہت سے احادیث سے خوبی مداومت
ثابت ہے پس مداومت فعل خیر کے بہت مناسب ہے اس زمانہ میں تو لابد منہ کی قبیل سے ہے کیونکہ جو لوگ وعظ
تام سے نفرت کرتے ہیں اونکو احکام خداوندی سنانیکی کوئی صورت اس نالایق ننگ خلایق کے نزدیک سوا اسکی نہیں
پس اسکی اشاعت پر کوشش علماء کو ضروری ہے واضح ہو کہ امور مذکورہ بالا کی اور بہت سی براہین موجود ہیں مگر
تفصیل اس مقام کی مناسب نہیں جسکو زیادت مطلوب ہو اس رسالہ شریفہ اور انوار ساطعہ وغیرہا کتب محققین
سے ملسکتے ہیں **تنبیہ** مجلس متقدس مولود عبارت مجموعہ امور خیر سے ہے جیسا کہ کتب معتبرہ سے پیرشاہ ہیں اگر
کوئی اپنی جہالت یا ہوای نفسانی سے اسمیں کچھ خرابی ملاوے تو اوس شخص کے فعل کی وجہ سے یہ مجلس متقدس مطلق
الاطلاق خراب کہلاویگی جس طرح کہ نماز جو شارع کی ہوئی ہے اور فعل حسن ہے کسی نمازی کی خرابی خلط کر دینے سے نہ بگاڑی جاوے گی واللہ اعلم
وہو یہدی من یشاء الی سواء السبیل حررہ المفتقر الی امداد اللہ القوی حمزہ المعوی الدہلوی المقیم ببلدۃ الامین
یوم الدین ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین اللہم متعنی فی احد الحرمین علی الایمان واعفنی یوم الفزع الاکبر

تقریظ جناب مولوی عبد السمیع صاحب مؤلف انوار ساطعہ

الحمد للہ سرًّا وجہارًا والصلوٰۃ علی النبی وآلہ لیلًا ونہارًا اما بعد کس صدق کے آدمیونکا باہمی شقاق اور باتون مین پہوٹ اور افتراق
دیکہکر دل مین خیالات آتے تہے یا رب العالمین وہ تیری بندی سلف صالحین کیسے تہے جنکا سینہ غبار کینہ سے صاف انکہین حیا دلین انصاف
محبت رسول انکی اصل طینت اتباع حق انکی جبلی فطرت اپنی خیالات مین تہا کہ یکایک غیب سے آگاہ کیا گیا کہ ای عبد السمیع بدل
تیرا دہیان کیسے ہے کیا حدیث رسول آپکو خبر ہے کہ فرمایا لا یزال من امتی امۃ قائمۃ بامر اللہ اور فرمایا لا تزال طائفۃ من امتی ظاہرین علی الحق
بس اللہ کی پیاری بندے سدا ہینگی حق کرینگی حق کہینگی ازانجملہ دیکہو مہاجر مقیم حرم صراط مستقیم پر ثابت قدم صوفی فقیہ محدث مولوی محمد الحق
حلال معضلات دقیق کاشف حجاب صحیح احق جناب مولوی عبد الحق بقاہ اللہ الی درجات الکمال ملتقاً عن طریق وقعی جنابمن نے تحقیق
انکی تصنیف رسالہ الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی الاعظم کہا معلوم کیا کہ اسکا مصنف مجسم انصاف کا تپلا ہے تقریظ کا نشان اور اطلاق کا
پتا ہے مولد شریف مع القیام کا استحباب سورج سے زیادہ روشن ہے اجتناب تعصب قوم کہ یہ محققین اہل سنت کا ہی مذہب قلم الحروف کا بہی یہی عمل اور عقیدہ
یقین ہے ہیں جانتا کہ انہین کو ماحین ترددکیلیے کیا کلام اللہ مین نہین پڑہا ہے واشکروا نعمۃ اللہ ان کنتم ایاہ تعبدون
اور کیا نہین پڑہا قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا ہو خیر مما یجمعون اور سب لیے زید وغیرہ محدثین کی تصنیفات مین دیکہو
کہ منجملہ اسماء مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک اسم مبارک آپکا نعمۃ اللہ بہی ہے اور فضل اللہ اور رحمت بہی ہے پہر مولد شریف
اوس نعمت الٰہی کا شکر اور رحمت اور فضل الٰہی کا فرحت وسرور ہی تو ہے اور شکر ادا ہوتا ہے انواع عبادات سے مثل تلاوت آیات قرآن
قرائت معجزات مشتملہ الانس مع الجان واطعام طعام دعوت اہل اسلام یہ سب کچہ مجلس شریف مین موجود ہے اور جو سامان استعمال عطر
وزینت واجتماع مومنین واحباب وعشیرہ واہل قرابت ہی یہ سب سامان سرور وفرحت ہے بنا برعلیہ محفل داخل تحت مضمون
ارشاد حضرت رب العزت ہے جو فضل اللہ اور رحمت الٰہی کی فرحت سرور اور بجا آوری شکر نعمت اللہ کی ہدایت ہے اور کیا
نہین پڑہا اونہون نے ومن یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اعظم شعائر اللہ مین سے ہین
پہر حضرت ایسے اعظم شعائر اللہ کی ظہور کا بیان ہو اور سوقت تعظیماً کہڑا ہونا اور درود وسلام پڑہنا کیونکر بدعت ضلالت ہوجاوے
منعم ومحسن کے شکر اور آثار کے تعظیم بعینہ منعم ومحسن کی تعظیم ہے تو مولوی اسمٰعیل صاحب صراط مستقیم مطبوعہ ہاشمی میرٹھ
صفحہ شانزدہم مین لکہتے ہین تا زفروغ حب منعم است تعظیم شعائر او مثل تعظیم نام او وکلام او ودیار او وسلاح او وحقی کہ در
مسکن او چنانچہ ہر کسیکہ ممارست این امور کردہ و مجالست با حقوق شناسان از امرای عظام بلا حجیم مصاحبان کرام
و تعظیم الشان او فرمان او شاہی تخت بادشاہی را دیدہ یا شنیدہ نخواہند چون تعظیم شعائر منعم کمال ... باعث تعظیم
ہر چہ مؤید حب و مروج شکر او باشد میگردد انتہی اور مولوی اسمٰعیل تو اولیای کرام کی محبت کو علامت تقوی اور داخل تعظیم
آیہ ومن یعظم شعائر اللہ فرماتے ہین بہلا حضرت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی محبت وتعظیم وفرحت وجہ پاکر کیونکر تعمیل آیہ

ومن یعظم شعائر اللہ ہنو کی عبارت انکی صراط مستقیم صفحہ ۱۴۳ میں یہ ہے اگر نیک تامل کنی دریابی کہ محبت امثال این کرام خود شعائر
ایمان محبت و علامت تقوی اوست الخ ومن یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب انتہی کلام اس کلام نقل کرنے سے انکو یہہ بھی منظور ہے
کہ جو بعض مغالطہ دینے والی ہوتو انکو شک میں ڈالتی ہیں کہ یہہ آیۃ تو فلان مقصد میں نازل ہوئی ہے پر استدلال کیا تو یہہ مغالطہ
تحت بیجا ہے کیونکہ علماء اصول فقہ کے نزدیک عموم الفاظ پر حکم دیا جاتا ہے خصوص اسباب نزول وغیرہ پر منحصر نہیں رہتا اسی بناء پر
مولوی محمد اسمعیل نے عموم لفظ شعائر اللہ میں تعظیم اولیاء کرام کو داخل کیا ہے پس نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے محبت و تعظیم بدرجہ اولی
اسمین داخل ہے اب اگر کوئی یہہ وسوسہ پہیلائے کہ یہہ قیام محدث ہے تو ہم کہینگے محدث ہونا کچھ موجب نقص نہیں
اور نہ سکو مذموم ہونا کچھ ضروری ہے وجہ اول یہہ کہ جو امر جدید کسی دلیل شرعی کی تحت میں داخل ہو اوسکو علماء بدعت حسنہ
سنت حکمیہ کہتے ہیں غایت سو یہی کہ بخصوصہ ظہور اوسکا بعد میں ہوا حسنہ اور سنت اسلیئے کہ وہ عموم مندوبات شرعی میں داخل ہے
اور یہہ قیام مروج ایسا ہی ہے تشریح اسکی یہہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کی تعظیم نصوص قرآنی سے ثابت ہے وتعزروہ
وتوقروہ وصلوا علیہ وسلموا ومن یعظم شعائر اللہ ان آیات و دیگر مقامات سے تعظیم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک مفہوم کلی ثابت ہوا
اور جب مفہوم کلی کا ثبوت ہوا تو اوسکی کل افراد کا ثبوت ہوگیا فرق اسقدر ہے کہ بعض افراد تعظیمی وہ ہیں جو عہد قرون
ثلثہ میں ظاہر ہوگئے اور بعض وہ ہیں جو بعد میں ظاہر ہوئے سو اس صورت میں تغیر و تبدل اصل ماہیت میں نہیں کیونکہ نوع
مقتضای جمیع اپنی افراد میں نہیں ہوتا بناء علیہ ہی تعظیم کے مشروعیت کا حکم جو افراد موجودہ قرون ثلثہ میں تہا افراد ما
بعد میں بہی باقی رہا اور افراد حدیثہ میں جو تغایر اور تخالف ہی وہ ہیئت و تشخص کا اختلاف ہے سو یہہ کچھ مضر نہیں حضرت شاہ
ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ رسالہ انتباہ میں لکہتے ہیں باید دانست کہ یکی از نعم خدای تعالی بر امت مصطفویہ علی صاحبہا الصلوۃ
والتسلیمات آنست کہ تا امروز سلسلہ انکا ایشان تا حضرت پیغامبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحیح و ثابت است واگرچہ اوائل امت را
با اواخر امت در بعض امور اختلاف بودہ است پس صوفیہ صافیہ ارتباط ایشان حضرت نبی فقط صحبت و تعلیم و تادیب بآداب
تہذیب نفس بودہ است نہ بخرقہ و بیعت و در زمن سید الطائفہ جنید بغدادی رسم خرقہ ظاہر شد و بعد ازان رسم بیعت جاری
گشت و ارتباط سلسلہ بہر این امر محقق است اختلاف صور ارتباط ضرر نمیکند الی ان قال و علمای کرام ارتباط ایشان
در زمن اول باستماع احادیث و حفظ آن و روایت آن بود و بعد ازان تصنیف کتب و قراءت و مناولہ و اجازت آن
پیدا شد و ارتباط سلسلہ بہر نوع این امور صحیح است و اختلاف صور اثری نیست انتہی اور یہی مضمون صاحب منہاج کی
عبارت کا ہے کوئی سمجہ پایا سمجہو وہ بیان میں بحث میں لکہتے ہیں وما کان واقعا تحت عموم ما ندب الیہ کحفل رسول اللہ صلی
حیث یصح وما لم یکن مثال مع وجود کنوع الجود والسخاء وفعل المعروف فہو من الافعال المحمودۃ ولا یجوز ان یکون ذلک فی خلاف ما ورد
الشرع بہ لان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد جعل لہ فی ذلک ثوابا فقال من سن سنۃ حسنۃ کان لہ اجرہا واجر من عمل بہا
ہم کہتے ہیں یہ قیام تعظیمی عموم مفہوم کلی تعظیم ثابت بالقرآن میں داخل ہے تو محمود اور فعل معروف ہوا اور کسی

فعل معروف کا وجود بخصوصہ و بشخصہ اگر صدر اول مین نہ ہوا ہو جائز ہے کہ وہ فعل عموم حکم شرعی مین داخل ہے تو وہ خلاف امر الشرع
مین داخل نہین ہو سکتا جیسا کہ حضرت شاہ صاحب نے اپنے تحریر کی ہے دوسری وجہ یہہ ہے کہ اس قیام مین ایک عظمت نکلتی ہے
اور ادب پیدا ہوتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ایجاد کرنا ایسی چیز کا مستحب ہے حدیث شریف مین اسکی ترغیب
واقع ہوئی ہے من سن فی الاسلام سنة حسنة فعمل بہا بعده کتب له مثل اجر من عمل بہا ولا ینقص من اجورهم شیء رواه مسلم
امام نووی نے شرح مسلم مین اور ملا محمد طاہر نے مجمع البحار مین ذیل حدیث مذکور مین لکہا ہے کہ نیک طریقہ جاری کرے نہین خواہ
اسکا خود ایجاد ہو اور پہلے تہا یا تہا مگر بیچ مین ہو گیا تہا پہر اسنے جاری کیا دونون صورتون مین اسکو ثواب ملیگا اور وہ طریقہ
خواہ علم ہو خواہ عبادت خواہ ادب ہو عبارت یہ ہے کان ذلک تعلیم علم او عبادة او ادبا پس ہم کہتے ہین کہ یہہ قیام طریقہ
حسنہ ہے جاری کیا گیا واسطے ادب کے بنا بر علیہ موجب اجر و مستحسن ہوا تیسری وجہ یہہ ہے کہ یہہ قیام کسی امر شرعی کی
مخالف نہین اور ممنوع وہ امر جدید ہوتا ہے جو مخالف ہوا اور شامل کسی امر سنت کو قال الامام حجة الاسلام الغزالی انما
المحذور بدعة تراغم سنة مامورا بہا اور یا نہین جو اپنی طرف سے عقائد باطلہ فاعلین عمل مولد کی ذمہ افترا کرکے حکم ممنوعیت
لگاتے ہین اور کہتے ہین کہ یہہ لوگ قیام کو فرض اعتقاد کرتے ہین اور نیز جانتے ہین کہ ولادت شریف آپکی اس محفل مین
ہوئی معاذ اللہ اور نیز حضرت کو عالم الغیب بالذات جانتے ہین سو یہہ تینون باتین غلط محض ہین قیام کو ہم مستحسن
جانتے ہین اور ولادت باسعادت کے خود مولود شریف خوانان بیان کر دیتا ہے کہ فلان سال اور ماہ و زمان و مکان مین ہوئی نہ یہ
محفل مین معاذ اللہ نبی کریم علیہ التسلیم کو ہم عالم الغیب بالذات نہین جانتے بلکہ یہہ جانتے ہین کہ آپکو جو علم ہوا اور ہوتا
ہے وہ ملائکہ کی خبر رسانی اور اللہ تعالی کی وحی و الہام و کشف و شہود کرنے سے ہے پس جب اعتقاد محفل و قیام مین کوئی
عقیدہ اور فعل مخالف اہل سنت نہوا پہر شناعت کیا چوتہی وجہ یہہ ہے ما رآه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن حضرت ابن مسعود
سے روایت ہوا اسمین لفظ مسلمون واقع ہے لفظ صحابہ یا تابعین یا غیرہ کا نہین والعبرة لعموم الالفاظ
کوئی کسی طبقہ کے اہل اسلام پسند کرینگے وہ عند اللہ بہی پسند ہوگا لیکن مطلق سے مراد فرد کامل ہوتا ہے تو لفظ مسلمون سے
جو مسلمان کامل ہین وہ ہی مراد ہونگے اس تقریر سے ثابت ہوا کہ عہد صحابہ مین ان اصحاب کا پسند کیا ہوا مستحسن ہوگا
جو درجہ علم و عمل مین کامل ہونگے اسیطرح طبقہ تابعین اور تبع تابعین اور مجتہدین مین انکا پسند کیا ہوا پسندیدہ
اور مستحسن ہوگا جو اپنی معاصرون مین اعلی درجہ کے قوت نظری و عملی رکہتے ہونگے اسیطرح طبقات مجتہدین کے
بعد عامہ مسلمین مین انکا پسند کیا ہوا مستحسن عند اللہ ہوگا کہ جو شخص ممتاز ہونگے روایت اور درایت مین
مثل علماء دین ربانی و مفتیان شرع متین حقانی سو یہہ قیام ایسی چیز ہے کہ جبسے احداث اسکا ہوا ہے بڑے
بڑے علماء دین اسکو مستحسن فرماتے ہین پس انکے مقابل مین دو چار آدمیون کا قول جو قیام
سے انکار کرتے ہین مسموع نہوگا کیونکہ مطلق مین فرد کامل مراد ہوتا ہے اور علماء ہی کاملین شرعا و عرفا

قیام کا استحسان فرما چکے ہیں اب ہم اونکی دو چار نقلیں درج کرتے ہیں محمد ابن علی دمشقی محدث لکھتے ہیں جرت عادة کثیرة
من المحبین اذا سمعوا بذکر وضعه صلی اللہ علیہ وسلم ان یقوموا پھر ان کے بعد صاحب سیرت الشامیہ نے اس قیام کا ذکر کیا اور
محدث دمشقی مذکور کے عبارت کو کھولیا اور لکھدیا کہ ہذا القیام بدعة حسنة پھر ان کے بعد صاحب سیرة حلبیہ نے
بھی یہی لکھا اور اسیطرح علامہ عبدالغنی نے اپنی مولد میں لکھا کہ جرت العادة بقیام الناس اذا انتہی المداح الی ذکر مولدہ
صلی اللہ علیہ وسلم وہی بدعة مستحسنة مستحبة اور لکھ چکے ہم اور ہر کہ بدعت حسنہ کو سنت حکمیہ کہتے ہیں اور وہ موجب ثواب
ہوتی ہے تو یہ قیام بھی موجب حصول ثواب ہوا اور ایک موقع میں جو چند اشعار مدح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
پڑھے گئے شیخ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ تعظیما کھڑے ہوگئے اور اونکے ساتھ جمیع علماء اور کبراء جو حاضر تھے وہ بھی
صف کی صف کھڑے ہوگئے اور حال اس امام وقت کا علامہ زرقانی نے جلد اول شرح مواہب میں اس طرح لکھا ہے
الشیخ الامام العلامة ابو الحسن یحیی ابن عبد الکافی الملقب تقی الدین السبکی الفقیه الحافظ المفسر الاصولی المتکلم النحوی اللغوی الجدلی
الخلافی النظار شیخ الاسلام بقیة المجتہدین برع فی العلوم وانتہت الیه الریاسة بمصر انتہی اور چونکہ یہہ بڑے درجہ
کے شخص تھے ابتدائے سیرت حلبی میں جو انکی سند پکڑی ہے اور نام انکا اس تعظیم اور صفت سے لکھا ہی جو مرقوم ہوتا ہی
وقد وجد القیام عند ذکر اسمه صلی اللہ علیه وسلم من عالم الامة ومقتدی الائمة دینا وورعا الامام التقی الدین السبکی
وکفی مثل ذلک فی الاقتداء انتہی ملخصاً واضح ہو کہ ولادت اس امام کی ۶۸۳ھ اور وفات ۷۵۶ھ میں ہوئی اور اپنے وقت
میں مقتدی ایک عالم کے ہوئے اسیواسطے محدث حلبی ودیگر اکابر سلف رحمہم اللہ لکھتے ہیں کہ اقتدا امام سبکی کا کافی حجت ہے
مستحسن ہونے قیام میں اور لکھا امام برزنجی نے مولد شریف میں وقد استحسن القیام عند ذکر مولده الشریف ائمة ذوو روایة
وروية فطوبی لمن کان تعظیمه صلی اللہ علیه وسلم غایة مرامه ومرماه اور علماء عہد کے ورثة التاج شیخ عبداللہ سراج مفتی حنفیہ
مکی نے قیام مروجہ میلاد کیلئے لکھا توارثه الائمة الاعلام واقره الائمة الحکام من غیر نکیر منکر ورد راد یعنی اس قیام پر
ائمہ اعلام اور ائمہ حکام میں سے کسی نے رد وانکار نہیں کیا بلکہ سبھوں نے مقرر رکھا اور سبھوں میں جاری رہا پھر
اوسکے بعد مفتی عبدالرحمن سراج مفتی مکہ نے لکھا وعلماء العرب والمصر والشام والروم والاندلس کلہم یراہ حسنا
فعلی حاکم الشرع التعزیر لمنکرہ اس وقت **راقم الحروف** اسیقدر پر اکتفا کرتا ہے اور جن منصف حق طلب کو
مولد شریف کی اور زیادہ تحقیق منظور ہو وہ میرے رسائل دافع الاوہام والانوار ساطعه وغیرہ کو ملاحظہ
فرماویں اور جو کچھ میری دلائل پر براہین قاطعہ وغیرہ میں جرح وقدح کیا گیا ہی بار دوم جو انوار ساطعہ
کو نظر ثانی کرکے چھپوایا ہے اوس میں اونکی سب شکوک واوہام کو بحول اللہ وقوته القویه کھول دیا گیا ہے
ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین وصلی اللہ علی نبیک سید المرسلین وآله واصحابه
وحزبه اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ٭ **حررہ عبد السمیع غفر اللہ له ولوالدیه**

تقریظ جناب مولانا قسیم الدین احمد رضوی عظیم آبادی کے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیراً والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ ورسولہ المخاطب بیا ایہا النبی انا ارسلناک شاہداً ومبشراً ونذیراً وداعیاً الی اللہ باذنہ وسراجاً منیراً وعلی آلہ واہل بیتہ الذین طہرہم اللہ تطہیراً واصحابہ الذین تبعوا النبی الامی وفرحوا بمیلادہ الشریف فبشرہم رسول اللہ بالنجاۃ تبشیراً **اما بعد** بندہ بارگاہ حضرت صمدیت سید قسیم الدین احمد رضوی حنفی قادری منعمی عظیم آبادی غفر اللہ لہ ولوالدیہ عاشقان روحی احمدی ومشتاقان کوئی محمدی کو بشارت دیتا ہے کہ رسالہ الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی الاعظم جسکو حضرت مولانا البحر الطمطام والحبر القمقام الغائص فی بحار التوحید القائم فی مقام التجرید والتفرید المہاجر الی اللہ ورسولہ السالک مسالک اقوم طرق حبیبہ وآلہ حضرت مولانا ابو الفضل اولنا الحاج الشاہ محمد **عبد الحق** الٰہ آبادی ثم المکی ادام اللہ لا زالت شموس افاضتہ طالعۃ علی الطالبین والمسترشدین بالحق نے تالیف کیا ہے ایسی کتاب لاجواب ودلائل حقہ سے معمور بلا ریب ہے کہ جسکی دیکھنے ہی سے منکرین کو بحر خجالت جانا ہوگا محبین کا دل باغ باغ ومنکرین کا کلیجہ داغ داغ ہوگا۔ **الحق** مولانا اسم بامسمی نے کتاب کو کیا ہی یعنی حق ہی تو نکو پڑھایا ہی اللہ تعالی مولانا ممدوح کو مجھے اور سب مسلمانوں کی جانب سے جزائے خیر دے اور ذات کو انکی مفیضاً علی الحق قائم رکھے اور کیونکر خوشی میلاد شریف سے مسلمان منکر ہو سکتا ہے جب اللہ تعالی نے **لقد من اللہ علی المؤمنین** کہکر ذات پاک نبی کریم کی ولادت سے مسلمانوں پر احسان جتایا ہے تو مقتضائے **ہل جزاء الاحسان الا الاحسان** ہم لوگوں کو ہمیشہ اظہار احسان کرنا وممنون ہونا چاہیئے وبفحوائے حدیث شریف کہ تکمیل کلمہ لا الہ الا اللہ بغیر قول محمد رسول اللہ نہیں ہوتی وظاہر ہے کہ لفظ محمد رسول اللہ بغیر دریافت کمالات ذاتی وصفاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کار آمد نہیں وموقوف علیہ فرض فرض ہوتا ہے بیان حالات رسول اللہ فرض ہوا وبعد بیان **الیوم اکملت لکم دینکم** الخ کے اللہ تعالی نے کتاب کریم کو اپنی بیان میلاد حضرت رسول اللہ کے ختم کیا یعنی **لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم** پہر منکرین پر **فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ہو علیہ توکلت وہو رب العرش العظیم** ۵ فرماکر عتاب کیا

فاعتبروا یا اولی الابصار

تقریظ جناب مولانا مولوی عبد اللہ صاحب دام فیضہ داماد حضرت مولانا مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ علی ما رزقنا بمنہ وفضلہ اخوۃ الایمان وربطنا بالاتحاد والالفۃ حسن نظام الایقان واوجب علینا حضور الجماعات الخمسۃ

والجمع الاعیاد ومع الاجتماع فی حلق الذکر وتستحب الجمع لمحافل المیلاد وتحرم علینا المناقشۃ فیما بیننا والجدال والتباغض
وشیوع المنافرۃ فینا والمراء والتحاسد وجعل اختلاف الامۃ رحمۃ للمسلمین واظہر رافتہ باباحۃ الرخص علی المؤمنین والصلوۃ علی من
اختصہ بالخلق العظیم وعلی آلہ الذین اہتدوا بہدیہ المستقیم بعد حمد وصلوۃ کے احقر الی الباری عبد اللہ الانصاری تمام برادران دینی
کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ مدت سے اختلاف باہمی درباب مسئلہ میلاد سرور کائنات علیہ وعلی آلہ الصلوات والتحیات
سنتا تہا اور طرفین کا تعصب مجہ تا تیوما ترقی پذیر دیکہہ کر شبانہ روز دل سے دعا کیا کرتا تہا کہ یا اللہ کوئی حبیب مقبول انام حجج
خاص وعام اس مسئلہ میں ایسی تحریر فرمائیں کہ جس سے فریقین اپنی تعصب بیجا سے خبردار ہو کر باز آئیں اور حق پرست
اور منصف مزاج اور طالبان رعایت طریق مستوی پر لگ جائیں سو ان دنوں فقیر نے کتاب الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی
الاعظم دیکہی جسکی مصنف مخدومنا ومولانا شاہ محمد عبد الحق محدث مہاجر من الحق اس کتاب کے ہر مسئلہ کو بدلائل کتاب وسنت
واجماع امت مدلل پایا اگر اس کتاب کے مصنف کو منصف وفاروق اور کتاب کو قول فیصل وصراط مستقیم کہا جاوے تو بجا ہے
اور کیوں نہو مصنف دام ظلہ العالی کہ معظم زادہا اللہ تعظیما وتشریفا میں علماً وفہماً وورعاً مثل آفتاب مشہور ہیں جنکی
دلیل اونکی دلائل مقبولیت سی ہے کہ وہ حرم محترم میں شیخ الدلائل ہیں فقیر کو اونکی توصیف کی کچہہ ضرورت نہیں ہیچ ہیچمدان
تمام مضامین اوس کتاب کے اونکی فضل وکمال پر برہان قاطع ہیں اور صحت عبارات کی خود بخود انوار ساطعہ ہیں
ہاں اسقدر گذارش ضروری ہے کہ جو کچہہ مصنف مد ظلہ نے درباب جواز میلاد ومجوزات تحریر فرمایا وہ ہی مسلک قدما
وفضلاء ہندوستان کے مشاہیر علماء کا سلف سے لیکر خلف تک رہا ہے چنانچہ جناب مولانا شاہ عبد الحق محدث و
حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث و مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی و مولانا مولوی احمد علی محدث
ومولانا مولوی مفتی عنایت احمد و مولانا عبد الحی رحمہم اللہ تعالی واستاذنا مولوی محمد لطف اللہ و مولانا مولوی الحاج احمد حسن
ومولانا الحافظ الحاج محمد ملا نواب سلمہم اللہ تعالی کا اسی پر عمل رہا اور ہے اور نیز زبدۃ الفضلاء واستاذ العلماء مولانا
مولوی محمد یعقوب صاحب مرحوم مدرس اعلی مدرسہ دیوبند خاص دیوبند میں بارہا محافل میلاد میں شریک ہوئے
اور بحالت قیام حاضرین وسامعین قیام بہی کیا اور فرمایا کہ اگرچہ اسکی اصل جیسی کہ چاہیے نہیں پر جبکہ تمام مجلس ذکر ولادت
کی تعظیم کو اوٹہہ کہڑی ہو ایسی حالت میں قیام نہ کرنا بے ادبی سے خالی نہیں چنانچہ مولانا مخدومنا کی اس قول اور
فعل پر بہت سے شاگرد رشید وباشندگان شہر شاہد ہیں ماسوا اسکے سلالۃ خاندان مصطفوی جامع الشریعۃ والطریقۃ
حاجی محمد سید عابد مہتمم مدرسہ دیوبند نے خاص مولانا ممدوح سے خاص اپنے مکان پر ذکر ولادت شریف بطریق وعظ
کرایا اور شیرینی بہی تقسیم فرمائی اور نیز کہف الفضلاء مولانا مولوی محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ناظم مدرسہ مذکور
کی زبانی کرۃ مرۃ سنا گیا ہے کہ ذکر ولادت باسعادت موجب خیر وبرکت کے ہے اور خاص مولانا بہی بعض
بعض جگہہ مجلس میلاد میں شریک ہوئے چنانچہ پیر جی واجد علی صاحب دیوبندی جو مولانا کی مرید اور مولود خوان ہیں

اس امر کے ثابت ہونے میں بس ہے جو بعض اشخاص بالتحقیق اہالیان بدعت دیوبند کا اپنی تحریرات میں بالتعین ذکر ولادت
باسعادت سے تشبیہ دیتے ہیں سراسر بیجا ہے اور اتہام عظیم ہے جب کہ یہ بدیہی عقل ہو گی وہ سمجھ لیگا کہ اہل بدعت سے
مدرس اعلی مہتمم و مدرسہ بدعت کی اقوال و افعال کا اعتبار ہے بلکہ مرتبہ کے سخافات کا۔ واللہ اعلم

بالصواب والیہ المرجع والمآب

تقریظ

جناب مولوی محمد جمیل الرحمن خان صاحب

خلف الصدق مولوی عبد الرحیم خانصاحب مرحوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لمن بعث حبیبہ الی الخلق رحمۃ للعالمین۔ والشکر لمن ارسل رسولہ الی الوری خاتم النبیین۔ والصلوۃ علی من
خوطب بخطاب الم نشرح لک صدرک۔ ثم بشر ببشارۃ ورفعنا لک ذکرک۔ وامر بذکرہ جملۃ عباد اللہ بقولہ واذکروا
نعمۃ اللہ کیف لا فان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی تکریما۔ فیا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ وعلی
جمیع آلہ وصحبہ الذین فدوا اعمارہم وما ملکت ایمانہم فی مرضاۃ اللہ وحب رسولہ فطوبی لہم۔ اولئک حزب اللہ
الا ان حزب اللہ ہم المفلحون۔ فخیر السبل وسائر المسلمین اتباعہم لانہم ہم المہتدون۔ وبعد فہذہ رسالۃ
عجیبۃ غریبۃ بارعۃ ومقالۃ انیقۃ رشیقۃ فارعۃ۔ اصلہا ثابت وفرعہا فی السماء۔ تتلألأ فیہا آیات و
احادیث کاللیلۃ القمراء۔ یعجب حسن رزانۃ مضامینہا کل ناظر باہر۔ ویغرب حصافۃ بیانہا کل طالع ماہر
فی جواز مولد البشیر النذیر۔ تدق اللہ شفاعتہ کل صغیر وکبیر۔ تنشرح بہا صدور المحبین وتضیق بہا قلوب
المنکرین۔ تمرح بہا نفوس اہل الحق والوداد۔ وتمرج منہا عیون اہل الہواء والعناد۔ ولا لمہا فالقۃ
لاکباد الزائغین۔ عن سبیل الرشاد۔ ووجہہا خارقۃ لاکناد الزائغین الی طریق الفساد۔ ولیت شعری
ما الدلیل عند سبط الجاحدین۔ وما الحجۃ عند قوم المانعین۔ وہل لانکارہم من ہذا الفعل الحسن اصل

والشن لہم ثبوت بالنقل - او السبیل بہم جاؤا بالشقر والبقر - عن نبات آخر - محض الحقد والشین - ومخض البغض والمین - فما لہولاء القوم لایکادون یفقہون حدیثا - ولا یعرفون من السبت خمسا - لعمری ان عمل المولد المنیف الکریم - موجب لفوز درجات النعیم - علی ان فیہ ارغام الشیطان - وازدیاد حب اللہ لاہل الایمان - کیف لا وقد تعلق بہا العالم الکبیر - الفاضل الخبیر - الفقیہ الجلیل - والمحدث النبیل - المولنا الحاج محمد عبد الحق الہ آبادی - ابقاہ اللہ فی لسبط الایادی - المہاجر بیت اللہ الحرام - والزائر روضۃ النبی الغنی بالانعام - فللہ در مولفہا حیث الفہا - ومن صیحہا حین اصفہا - لاینزع فیضانہ عن کل عالم وعامی - والاکرم من ہدایتہ کل اقاصی وادانی - فما اذکی ذہنہ الثقیف - وما اشحذ فکرہ الحصیف - لعلی انہ یخطر ببالی مرۃ بعد اخری - وکرۃ بعد اولی - ان تحریر مثل ہذہ الرسالۃ لامر فخیم - والی بیان ہذہ المسئلۃ للناس احتیاج عظیم - الی ان جاء محظوظا بالی مخلعتہ من ظہر الغیب بخلعۃ الوجود - ومکللا باکلیل الطبع من توفیق الملک المعبود - لینظر اہل الرشاد من المسلمین - ان ہذا الفعل مقبول محبوب بین المومنین - من قدیم الایام الی زماننا الذی تقلب ظہر البجن فالحق ما راہ المومنون حسنا فہو عند اللہ حسن - ولیعلم الذین ظلموا علی انفسہم بالانکار - وتشمروا فیہ ذیل الاصرار - مہ یتجاوزون فی ذلک شتتا - ویحیدون عن طریق المستقیم تشطط - ویتنابزون اہل السنۃ بالقاب اہل البدعۃ والشرک والجحیم - فسبحانک ہذا بہتان عظیم - فعسی ان یحین لہم ہذہ الرسالۃ فصل الخطاب - ان تنظروا بعین الانصاف طالبا للصواب - لان المؤلف سلک فیہا مسالک المحققین - واختار مذہب المدققین - باعدا عن التفریط والافراط - آخذ الطریقۃ السداد والاحتیاط - واللہ یہدی من یشاء الی صراط المستقیم - ویضل من یشاء وہو الحکیم العلیم - ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین - وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین - صلی اللہ علی خیر خلقہ محمد سید المرسلین - برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

نمقہ احقر عباد اللہ المنان عبدہ محمد جمیل الرحمن خان عفی عنہ مدرس اللسان العربیۃ فی مشن کالج دہلی

قصیدہ عرض حال پرملال اشرف شکستہ بال بحضور پرنور

حضرت سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم

الصلوۃ اے پیشوائے انبیا	السلام اے مقتدائے اولیا
الصلوۃ ای حضرت شمس الضحی	السلام اے حضرت بدر الدجی

الصلوة ای سید نور الهدی — السلام ای سرور هر دو سرا

الصلوة ای سید خیر الوری — السلام ای شافع روز جزا

الصلوة ای رحمة للعالمین — السلام ای مظهر ذات خدا

الصلوة ای سرور دنیا و دین — السلام ای باعث تکوین ما

گر نبودی ذات پاکت را وجود — کن نه گفتی خالق ارض و سما

هر چه هست از هستی تو هست شد — نیستی را هستیت آمد فنا

اول آمد نور آخر شد ظهور — شد ثبات ابتدا و انتها

تو نبی بودی و آدم آب و گل — هیچکس را نیست بر تو ابتدا

سید اولاد آدم ذات تو — کی میسر شد کسی را این عطا

صبح عالم شب دیجور بود — از تو روشن گشت یا بدر الدجی

ذره ذره نور یاب از حسن تو — بدر رخ پر نور یا شمس الضحی

سورهٔ واللیل وصف زلف تو — والضحی تفسیر روی دلربا

ای که مداحت خدای ذوالجلال — از ثنایت خامشی حد ثنا

آنکه وصف اوست قرآن مجید — کیست در وصفش کند چون و چرا

یا نبی الله بحالم کن نظر — سوختم در آتش هجر شما

پرده افگن از رخ پر نور خویش — کز فراقت بر لب آمد جان ما

یا بخوان ما را حضور خویشتن — مخلصی یا بیم زین دار عنا

تاب تنهائی ندارم بعد ازین — از چنین محبوب محبوب خدا

آرزو دارم زخاک کوی تو — هر دو چشم خویش سازم سرمه سا

سجدهٔ خاک در دربار تو — عاشقانت را خوش از ظل هما

گر همایون بخت من یاری کند — جان بخاک کوی تو سازم فدا

آن کمند زلف مشکینت کجاست — تا کشد فرقم بسوی خاک پا

شوکت سلطان نگردد هیچ کم — زالتفات او بسوی حال گدا

جان شیرین تلخ شد در هجر تو — جام وصلت بخش از بهر خدا

بعد مردن گر بدست آید وصال — صد هزاران جان برین مردن فدا

بحر رحمت ایزدی من تشنه کام — در تب و تابم ز صد رنج و عنا

وعدهٔ وصلت بروز محشر ست — من کجا و وعدهٔ وصلت کجا

تاب مهجورے ندارم ساعتے — تا بکے مانم درین رنج و بلا

یا الٰهی زود تر محشر شود — تا بچشم سر به بینم آن لقا

عشق حق در عشق تو دارد مقر — منکرش را لعن گویم بر ملا

قطع به دستیکه در دست تو نیست — لنگ باد آن پا ز راهت تا شنا

کور به چشمی نخواهد دیدنت — کر بود گوشے که نشنید از ثنا

در سرے سودات نے باد اقلم — دل که بے دردت بود بروے بلا

یا رسول الله منم بیچارۂ — بیکس و بے یار و یاور بے نوا

زاد راهِ آخرت موجود نیست — هر زمانم الرحیل آمد ندا

منزلم دور و دراز و پر خطر — بے سر و سامانم و بیدست و پا

نے بدستم زهد و نے حسن عمل — از تهیدستی رسد کارم کجا

کار بد اخلاق بد گفتار بد — خبث باطن را نه حد و انتها

هر چه کردم نیست در وی جز بدے — بار نیکی نا ورد تخمِ خطا

هر دم از عمرم که در شهوار بود — هر زمانم گنج گوهر بے بها

دانه دانه منتشر کردم بخاک — وائے بر حالم دریغا حسرتا

خرمن عمرم به برقِ لهو سوخت — بے سر و سامان شدم مفلس گدا

صرف کردم عمر در لهو و لعب — نیست در دستم بجز حرص و هوا

خواب خرگوشم بگوشم پنبه کرد — هیچ نه شنیدم ز پندِ دلکشا

نفس و شیطان دشمنانم در پے اند — نیست جز ذاتت که ملجائے ما

دشمنم بر حال زارم گریه کرد — دیده آید دوست چون سازد جفا

بار عصیان گردنم دوتا نمود — زین گرانباری سبکدوشم نما

گرچه غرقاب گناهانم ولے — نیستم مایوس ز امیدِ نجا

چشم دارم یار من یارے کند — او حلیم و من گرفتارِ بلا

از تهیدستی چه باشد خوف و بیم — تو محمد بادشه **اشرف** گدا

تقریظ منظوم من تصنیف منشی محمود صاحب المتخلص بہ رونق

یہ تصنیف کیا عمدہ اور دلنشین ہے — کتاب ایسی ابتک تو دیکھی نہین ہے
ہے کس بحرِ دانش کی یہ درفشانی — کہ ہر اک ورق دامنِ گوہرین ہے
عجب لکھی ہے یہہ کتاب مدلل — مؤلف کو اسکی ہزار آفرین ہے
روایت قویہ درایت صحیحہ — نہین ایسے خوبی جو اسمین نہین ہے
لنو اسکو دیکھا تو اصل اسکی بیشک — حدیثِ شریف اور کتابِ مبین ہے
جو قولِ بزرگان ہے وہ مستند ہے — جو قولِ مشائخ ہے محکم متین ہے
یہہ وہ شاہدِ دلربا جلوہ گر ہے — فدا جسکی خوبی پہ ماہِ جبین ہے
ہر اک صفحہ کا رُخِ دل رُبا ہے — ہر اک سطر اک گیسوی عنبرین ہے
ہر اک دائرہ ہے اگر دُرجِ گوہر — تو ہر اک نقطہ بھی دُرِ ثمین ہے
جو دیکھے گا صَلِّ علےٰ ہی کہے گا — کہ مملو بذکرِ شہِ مرسلین ہے
ہین اس دُرِ منظم سے محروم منکر — کہ یہہ درخورِ گوشِ اہلِ یقین ہے
لکھین ہین وہ ایسے دلائل قویہ — کہ منکر کو گنجایش اصلا نہین ہے
زادہ ہی سمجھے گا ذکرِ نبی کو — جو ساء المصیر اور جو بئس القرین ہے
نمانے اگر منکر اب بھی تو کیا ہے — ہمیشہ سے انکی تو عادت یونہین ہے
معجزے سے بھی لایا ابو جہل ایمان — علاج اس جہالت کا ممکن نہین ہے
جو ہین منکر بزمِ میلاد دیکھین — کہ کیسی قوی حجتِ مثبتین ہے
دعا مانگو اللہ سے یہہ باتین چھوڑو — کہ ذات اوسکی بس ارحم الراحمین ہے
محبت نبی کی تو ہی اصلِ ایمان — جو یہہ ہی نہین ہے تو کچھ بھی نہین ہے

قطعہ تاریخ دیگر

چھپ چکی جب کتاب مولانا
واقعی جو دُرِ منظم ہے
مینے اِک دوست سے کہا اِسکی
جو کہ دل سا رفیق و ہمدم ہے
ہم بجا تاریخ کا تو اب لین
کہ یہہ ذکرِ رسول اکرم ہے
بولا ارشد کتاب واللہ
بجز حبِ نبی اعظم ہے
١٣٠٨ھ

قطعہ تاریخ منشی رونق

بہت خوب ہے دُرِ منظم چھپا — کسی شے کا اس مین نہین کچھ قصور
کہا جبکہ رونق سے تاریخ کو — تو فوراً کہا اوس نے خیر السرور
١٣٠٧ھ

قطعہ تاریخ طبعزاد مولانا قسیم الدین صاحب رضوی عظیم آبادی

ہوئی جبکہ مطبوع تر یہہ کتاب — کہ ہر قول اسکا ہے بس با صواب
ندا ہاتفِ غیب نے دی مجھے — کہ دُرِ منظم ہے یہہ لاجواب
١٣٠٧ھ

برکات اولیائے نقشبند

علوم و فنون اسلامیہ کی خدمت اولیائے نقشبند کا طرہ امتیاز رہا ہے۔ درس و تدریس، تعلیم و تعلم، تصنیف و تالیف، نشر و اشاعت اور مسند رشد و ہدایت پر متمکن رہے۔ قلم و قرطاس سے تبلیغ حق کو بام عروج بخشا، ہر شعبہ ارشاد و تبلیغ میں عشق و محبت اور ایثار و قربانی کو حرز جان بنایا، کتابیں لکھیں لکھوائیں اشاعت پر کمر بستہ رہے، اولیائے امت اور علمائے ملت نے استفادہ کیا۔ عوام و خواص نے درس لیا۔ ایک طرف عاشق رسول اکرم مولانا عبد الرحمٰن جامی علیہ الرحمۃ کی شہرہ آفاق تصنیف الفوائد الضیائیہ (شرح جامی) پڑھ کر عالم بنے تو دوسری طرف مکتوبات امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ سے فیض یاب ہو کر سلوک و تصوف کی راہ پر گامزن ہوئے یہ دونوں شخصیتیں اکابر اولیائے نقشبند میں ممتاز مقام پر فائز ہیں۔ پھر ان کے تربیت یافتہ حضرات نے انہی کی سنت حمیدہ کو اپنایا۔ الحمد للہ علیٰ منہ و کرمہ۔ کہ شاہکار ولایت، نازش طریقت قطب الوقت شیر ربانی حضرت میاں شیر محمد علیہ الرحمۃ کے عالی مرتبت خاندان سے جلیل القدر فرزند پیر طریقت، فخر ملت الحاج صاحبزادہ میاں غلام احمد صاحب نقشبندی مجددی دامت برکاتہم زیب سجادہ آستانہ عالیہ شرقپور شریف نے اسی رسم ایثار و قربانی کو تازہ کرنے کیلئے اہم کتب اسلامیہ کی اشاعت پر کمر ہمت باندھی ہے حضرت میاں صاحب علیہ الرحمۃ کی لائبریری سے نایاب کتب کو شائع کرنا شروع کر دیا ہے اس سلسلہ کو دوام بخشنے کیلئے مولنا قاری صاحبزادہ میاں محمد ابوبکر نقشبندی زید مجدہ کو ناظم اعلیٰ مقرر کیا ہے چنانچہ میلاد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایک صدی قبل شائع ہونے والی نہایت عمدہ، مبسوط اور تحقیقی کتاب الدر المنظم فی بیان حکم مولد النبی الاعظم کو زر کثیر صرف فرما کر شائع کر کے قابل تقلید کارنامہ سر انجام دیا ہے انشاء اللہ العزیز مستقبل قریب میں شمس التواریخ، احتیاط الظہر اور دیگر اہم تاریخی، مذہبی، تعمیری، اصلاحی، اسلامی، فقہی، فنی، تدریسی کتب اشاعت پذیر ہونگی، جملہ اہل سنت خصوصاً آستانہ عالیہ شیر ربانی سے منسلک حضرات کو اپنے اکابر کے نقش قدم پر چل کر نشر و اشاعت کے [illegible] کو مستحکم بنانا چاہیئے۔

منجانب: محمد منشا تابش قصوری مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور ○ قاری [illegible] خطیب جامع مسجد [illegible] حبیب ہو